نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں رائس مینجمنٹ گروپ کے پہلے اجلاس کا انعقاد

لاہور: 07جون2023(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ دھان پاکستان کی اہم ترین فصل ہے جو ملکی آبادی کی غذائی ضروریات پوری کرنے کے علاوہ زرِمبادلہ کے حصول کا اہم ذریعہ بھی ہے۔امسال دھان کی کاشت کا ہدف50 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔وہ آج سول سیکرٹریٹ لاہور میں رائس مینجمنٹ گروپ کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان،ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر محمد اختر،ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ پنجاب رانا فقیر احمد، پرنسپل سائنٹسٹ رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو سید سلطان علی ،ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر، ڈائریکٹر زراعت ایڈپٹو ریسرچ مشتاق علی ،ڈائریکٹر زراعت توسیع گوجرانوالا جاوید اختر اور ڈائریکٹر زراعت توسیع گجرات ڈاکٹر عرفان اللہ سمیت رائس زون کے ترقی پسند کاشتکاروں نے شرکت کی۔اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ رائس ریسرچ انسٹیٹیوٹ کالا شاہ کاکو نے اب تک دھان کی 32 اقسام دریافت کی ہیں جو اپنی خوشبو اور ذائقہ کے اعتبار سے پوری دنیا میں مشہور ہیں۔گزشتہ 3 برسوں میں صوبہ پنجاب میں دھان کے زیرِ کاشت رقبہ میں 6.7 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔مالی سال 2022-23 کے دوران صوبہ پنجاب میں 54 لاکھ ایکڑ رقبہ دھان کے زیر کاشت لایا گیا جس میں 50 لاکھ 57 ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی اور 4.87 ملین ٹن چاول کی برآمد سے 3.05 ملین ڈالرز زرِمبادلہ کا حصول ہوا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ دھان ایک اہم کیش کراپ ہے۔دھان کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت منتخب منظور شدہ اقسام کے تصدیق شدہ بیج پر رجسٹرڈ کاشتکاروں کو باسمتی اقسام کے لئے 1500 روپے فی بیگ اور غیر باسمتی اقسام کیلئے 1000 روپے فی بیگ سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔اس کے علاوہ پنجاب کے منتخب اضلاع میں نمائشی پلاٹ کاشت کرنے کے لیے 30 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔حکومت پنجاب مشینی زراعت کے فروغ اور دھان کی باقیات کو جدید زرعی مشینری کے استعمال سے کارآمد بنانے کے لیے کاشتکاروں اور سروس پرووائیڈرز کو منتخب اضلاع میں جدید مشینری بھی 80 فیصد سبسڈی پر فراہم کر رہی ہے۔ان تمام ترغیبات کا مقصد دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے دھان کی کاشت کے دوران مارکیٹ میں معیاری زرعی ادویات کی فراہمی کرنے کی ہدایت کی۔انھوں نے واضح کیا کہ غیر معیاری زرعی مداخل فروخت کرنے والے ڈیلرز حضرات کا لائسنس اور ایجنسی منسوخ کر دی جائے گی۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت نے دھان کی ایکسپورٹ بڑھانے کے

لئے